عرفان شریعت
کامل سہ حصص
مؤلفہ مجدد مایۃ حاضرہ حضرت شاہ احمد رضا خاں صاحب بریلوی قدس سرہ
سنی دارالاشاعت علویہ رضویہ
ڈجکوٹ روڈ
لائل پور
NATIONAL BLOCK ...

مَنْ یُّرِدِ اللّٰہُ بِہٖ خَیْرًا یُّفَقِّھْہُ فِی الدِّیْنِ

الحمد للہ

کہ مجموعہ مبارکہ جامع مسائل ضروریہ حاوی احکام شرعیہ معدن نکات لطیفہ

مخزن اسرار عجیبہ

یعنی

بعض فتاوے حضور پرنور اعلیٰحضرت مجدد مأتہ حاضرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

مسمّٰی بہ

عرفان شریعت

حصہ اوّل و دوم و سوم

جنکو مولوی محمد عرفان علی صاحب قادری رضوی بیسلپوری نے جمع کیا۔

الناشر: سُنّی دارالاشاعت علویہ رضویہ ڈجکوٹ سڑک لائلپور

قیمت ۲/۵۰

الجواب: کوئی حرج نہیں اور عقیقہ میں نہ توڑیں تو زیادہ اچھا ہے۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

مسئلہ ۵۳: جس شخص نے صبح کی نماز نہ پڑھی ہو تو اس کی جمعہ اور عید کی نماز ادا ہو گی یا نہیں۔

الجواب: عید کی مطلقاً ہو جائے گی اور جمعہ کی بھی اگر صاحب ترتیب نہ ہو یعنی اس کے ذمہ پانچ نمازوں سے زیادہ قضا جمع ہو گئی ہوں اگرچہ ادا کرتے کرتے اب کم باقی ہوں اگر صاحب ترتیب ہو تو جب تک صبح کی نماز نہ پڑھے جمعہ نہ ہو گا۔ اگر صبح کی نماز اسے یاد ہے اور وقت اتنا تنگ نہ ہو گیا ہو کہ صبح کی پڑھے تو ظہر کا وقت ہی نکل اور یہ جمعہ میں متوقع نہیں۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

مسئلہ ۵۴: عورت کو فاتحہ دینا جائز ہے یا نہیں۔

الجواب: جائز ہے۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

مسئلہ ۵۵: لڑکے کے عقیقہ کا گوشت لڑکے کے والدین اور دادی اور نانا نانی کو کھانا چاہیئے یا نہیں۔

الجواب: سب کو درست ہے اور یہی صحیح ہے۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

مسئلہ ۵۶: شادی میں دف یا نوبت بجوانا درست ہے یا نہیں۔

الجواب: دف کی اجازت ہے جبکہ اس میں جانجھ نہ ہوں اور مرد یا عزت دار عورتیں نہ بجائیں نہ لہو و لعب کے طور پر بجایا جائے بلکہ اعلان نکاح کی نیت ہو۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

مسئلہ ۵۷: اگر عورتیں مردوں کو سلام کریں تو کسطرح کریں۔

الجواب: اپنے محارم شوہروں کو سلام کریں السلام علیکم کہیں۔ واللہ تعالٰی اعلم

مسئلہ ۵۸: اللہ تعالٰی نے قرآن شریف میں قسم کیوں کھائی ہے۔

الجواب: قرآن عظیم محاورۂ عرب پر اترا ہے۔ عرب کی عادت تھی کہ جس امر کا اہتمام منظور ہوتا اسے مؤکد بقسم کرتے معہذا کفار مکہ کو حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے صدق پر یقین کامل تھا بعثت سے پہلے حضور کا نام ہی صادق امین کہا کرتے اور ایسا کامل الصدق کہ جس بات کو قسم سے مؤکد کرکے ذکر فرمائے خواہی نخواہی اس پر اعتبار آئے گا تو ان پر اتمام حجت کے لئے قسم ذکر فرمائی گئی۔ واللہ تعالٰی اعلم

مسئلہ ۵۹: کافر کو سلام کرنا چاہیئے یا نہیں۔

الجواب: حرام ہے۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

عقیقہ
نماز
فاتحہ
عقیقہ
دف
سلام
اللہ نے قسم کیوں کھائی
کافر کو سلام